حیاء اور پاک دامنی کی دعائیں

محمد طلحہ بن مولانا فتح محمد وانکانیری



بسم اللہ الرحمن الرحیم

❁❁ احادیث میں پاکدامنی کی دعائیں ❁❁

پاکدامنی وہ اعلی صفت ہے جس کو نبی علیہ الصلاۃ و السلام بھی اللہ تعالی سے مانگا کرتے تھے۔ آپ گو اپنی ذات میں معصوم تھے لیکن اس سے آپکی عفت و پاکدامنی کی زندگی سے محبت کا اندازہ ہوتا ہے۔دوسرا یہ کہ امت کی تعلیم کے لیے آپ نے دعائیں مانگیں۔

چنانچہ احادیث میں کئی ایسی دعائیں منقول ہیں جس میں اللہ تعالی سے آنکھ کی پاکیزگی دل کی پاکیزگی اور عفت و عصمت کو تمنا بتاکر مانگا ہے ۔چند دعائیں درج ذیل ہیں:

بسم الله الرحمن الرحیم

(اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدىٰ وَالتُّقىٰ وَالْعَفَافَ وَالْغِنىٰ)

(اے اللہ: میں تجھ سے ہدایت، پرہیز گاری اور پاکدامنی اور غنی کا سوال کرتا ہوں)

(رواہ مسلم، مشکوۃ: باب الاستعاذ)

(اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْأَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالْحُسْنَ وَالرِّضَا بِالْقَدْرِ)

(اے اللہ: میں تجھ سے صحت، پاکدامنی اور امانت اور اچھے اخلاق، حسن اور رضا بالقدر کا سوال کرتا ہوں)

(رواہ مشکوۃ: باب الاستعاذ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِي مِنَ النِّفَاقِ ، وَعَمَلِي مِنَ الرِّيَاءِ ، وَلِسَانِي مِنَ الْكِذْبِ ، وَعَيْنِي مِنَ الْخِيَانَةِ ، فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورِ)

(اے اللہ میرے دل کو نفاق سے پاک کر اور میرے عمل کو ریا سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میرے آنکھ کو خیانت سے، بے شک تو آنکھوں اور سینے کی پوشیدہ خیانتوں کو جانتا ہے) (رواہ مشکوۃ المصابح)

(اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِي رُشْدِي ، وَأَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي)

(اے اللہ مجھے الہام فرما، میری ہدایت، اور میرے نفس کے شر سے مجھے دور فرما)

(رواہ الترمذی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ)

(اے اللہ میں ناپسندیدہ اخلاق اور اعمال اور خواہشات سے تیری پناہ چاہتا ہوں)

(رواہ الترمذی)

(اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُبِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِي وَبَصَرِي وَلِسَانِي وَقَلْبِي وَمَنِّي)

(میں اپنے کان، اپنی بنائی، اپنے دل اور منی کی برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں)

(رواہ البخاری)

ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اپنی زندگی میں ان دعاؤں کو مانگنے کا معمول بنائیں تاکہ ان کی برکت سے عفت وپاکدامنی والی زندگی نصیب ہو۔